وقت: تین گھنٹے | **تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان** (رجسٹرڈ) | کل نمبر: ۱۰۰

امتحان سالانہ: م-۱۲/۱ | الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم | **طلبہ** | 2024ء/۱۴۴۵ھ

پہلا پرچہ: قرآن مجید (ترجمہ وتفسیر)

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ واذ کریا محمد لقومك اذ نادی ربك موسی لیلة رای النار والشجرة ان ای بان ائت القوم الظلمین رسولا قوم فرعون معه ظلموا انفسهم بالکفر بالله وبنی اسرائیل باستعبادهم الا الهمزة للاستفهام الانکاری یتقون الله بطاعته فیوحدونه.

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے کون سے معجزات عطا فرمائے؟ ۶

(ج) سورۃ شعراء میں کتنے انبیاء کی قوموں کا ذکر ہوا؟ نیز ان قوموں کے نام لکھیں۔ ۸

سوال نمبر2:۔ ولقد اتینا داؤد وسلیمن ابنه علما بالقضاء بین الناس ومنطق الطیر وغیر ذلك وقالا شکرا لله الحمد لله الذی فضلنا بالنبوة وتسخیر الجن والإنس والشیاطین علی کثیر من عباده المؤمنین وورث سلیمن داؤد النبوة والعلم.

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کرتے ہوئے اغراض مفسر کی وضاحت کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) حضرت سلیمان علیہ السلام کو کیسی حکومت عطا کی گئی؟ مختصر تحریر کریں۔ ۸

(ج) کتنے بادشاہوں نے پوری دنیا پر حکومت کی؟ ان کے نام لکھیں۔ ۵

سوال نمبر3:۔ یایها الذین امنوا اذکروا نعمة الله علیکم اذ جاءتکم جنود من الکفار متحزبون ایام حفر الخندق فارسلنا علیهم ریحا وجنودا لم تروها ملائکة وکان الله بما یعملون بالتاء من حفر الخندق وبالیاء من تخریب المشرکین بصیرا اذ جاءوکم من فوقکم ومن اسفل منکم من اعلی الوادی واسفله من المشرق والمغرب.

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) غزوہ احزاب کہاں واقع ہوا اور اس میں مسلمانوں کو کیسے نصرت خداوندی حاصل ہوئی؟ تفصیلاً لکھیں۔ ۱۰

(ج) غزوہ اور سریہ میں کیا فرق ہے؟ ۳

سوال نمبر4:۔ رب هب لی ولدا من الصلحین فبشرناه بغلام حلیم أی ذی حلم کثیر فلما بلغ معه السعی أی أن یسعی معه ویعنیه قیل بلغ سبع سنین وقیل ثلاثة عشر سنة قال یبنی إنی أری أی رأیت فی المنام أنی أذبحك ورؤیا الأنبیاء حق وأفعالهم بأمر الله تعالیٰ فانظر ماذا تری من الرأی شاوره لیانس بالذبح وینقاد للأمر به.

(الف) کلام باری تعالیٰ اور کلام مفسر کا ترجمہ کرتے ہوئے اغراض مفسر کی وضاحت کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) قربانی کرنا واجب ہے یا سنت؟ احناف کا مؤقف دلیل سے سپردِ قلم کریں۔ ۱۰

(ج) حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے پیٹ میں کتنا عرصہ رہے؟ ۳

وقت: تین گھنٹے

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

کل نمبر: ۱۰۰

امتحان سالانہ: م۔۱۲/۲ — الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم — طلبہ — 2024ء/۱۴۴۵ھ

دوسرا پرچہ: حدیث وعربی ادب

نوٹ: قسم اول سے کوئی دو جبکہ قسم ثانی سے دونوں سوالات حل کریں۔

قسم اول۔۔۔۔حدیث

سوال نمبر1:۔ ان رجلا قرأ خلف النبی ﷺ فی الظهر او العصر واوما الیه رجل فنهاه .فلما انصرف قال اتنهانی ان اقرأ خلف النبی ﷺ ؟فتذا کرا ذلك حتی سمع النبی ﷺ فقال رسول الله ﷺ من صلی خلف الامام فان قراءة الامام له قراءة۔

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۵+۱۰=۱۵

(ب) قراءت خلف الامام کے بارے میں اختلاف ائمہ مع الدلائل اور موقف احناف کی وجہ ترجیح قلمبند کریں۔ ۱۵

سوال نمبر2:۔ عن عبدالله رضی الله عنه قال انکسفت الشمس یوم مات إبراهیم بن رسول الله ﷺ فقام رسول الله ﷺ فخطب فقال إن الشمس والقمر اٰیتان من اٰیات الله لا تنکسفان لموت أحد ولا لحیاته فإذا رأیتم ذلك فصلوا واحمدوا الله و کبروه وسبحوه حتی ینجلی أیهما انکسف۔

(الف) ترجمہ وتوضیح کریں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) نماز کسوف کا طریقہ قلمبند کریں۔ ۱۰

(ج) "رأیتم" کیا صیغہ ہے اور ہفت اقسام میں کیا ہے؟ ۵

سوال نمبر3:۔ (الف) انبیاء کرام علیہم السلام اور صالحین کے روز قیامت شفاعت کرنے کے بارے مدلل مضمون تحریر کریں جو پندرہ سطروں سے کم نہ ہو۔ ۱۵

(ب) رفع یدین کے بارے احناف کا مؤقف دلائل سے مزین کر کے اختصار کے ساتھ زینتِ قرطاس کریں۔ ۱۵

قسم ثانی۔۔۔ادب عربی

سوال نمبر4:۔ درج ذیل اشعار میں سے پانچ کا ترجمہ کریں۔ ۵x۶=۳۰

(۱) وإن شفائی عبرة مهراقة — فهل عند رسم دارس من معول

(۲) ففاضت دموع العین منی صبابة — علی النحر حتی بل دمعی محملی

(۳) مکر مفر مقبل مدبر معاً — کجلمود صخر حطه السیل من عل

(۴) وإنی لأمضی الهم عند احتضاره — بعوجاء مرقال تروح وتغتدی

(۵) إذا القوم قالوا من فتی خلت أننی — عنیت فلم أکسل ولم أتبلد

(۶) رأیت بنی غبراء لاینکروننی — ولا أهل هذاك الطراف الممدد

(۷) أری العیش کنزا ناقصا کل لیلة — وما تنقص الأیام والدهر ینفد

سوال نمبر5:۔ درج ذیل جموع میں سے پانچ کے مفردات ومعانی تحریر کریں۔ ۵x۲=۱۰

نجوم — الواح — أطلال — سباع

أساریع — عذاری — وکنات

وقت: تین گھنٹے

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

کل نمبر: ۱۰۰

امتحان سالانہ: م۔۱۲/۳ | الشھادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم | طلبہ | 2024ء/۱۴۴۵ھ

تیسرا پرچہ: فقہ

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ فان قشرت نفطة فسال منها ماء او صديد او غيره ان سال عن راس الجرح نقض وان لم يسل لا ينقص وقال زفر ينقص في الوجهين وقال الشافعي لا ينقض في الوجهين.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۵+۱۰=۱۵

(ب) وجھین سے کیا مراد ہے؟ نیز مذکورہ مسئلہ میں امام زفر اور امام شافعی رحمہما اللہ کا مذہب سپردِ قلم کریں۔ ۹

(ج) خون کے خارج ہونے سے وضو ٹوٹنے کے مسئلہ میں اختلاف ائمہ لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر2:۔ فان اشتبهت عليه القبلة وليس بحضرته من يسأله عنها اجتهد.

(الف) مذکورہ عبارت کی روشنی میں واضح کریں کہ قبلہ مشتبہ ہو جائے تو نماز کس رخ پر پڑھی جائے گی۔ ۶

(ب) نماز کے دوران یا نماز کے بعد معلوم ہوا کہ استقبال قبلہ میں خطا ہوگئی ہے تو نماز کا حکم کیا ہوگا؟ احناف اور شوافع کا مذہب مع الدلائل زینتِ قرطاس کریں۔ ۱۷

(ج) شرائطِ نماز ہدایہ کی روشنی میں لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر3:۔ ثم يقرا فاتحة الكتاب وسورة او ثلاث ايات من اى سورة شاء فقراءة الفاتحة لا تتعين ركنا عندنا وكذا ضم السورة اليها. واذا قال الامام ولا الضالين قال آمين ويقولها المؤتم.

(الف) مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ ۵+۱۰=۱۵

(ب) نماز با جماعت کی صورت میں "آمین" کہنے، نہ کہنے اور آمین بالجہر یا آمین بالسر کے مسئلہ پر اختلاف ائمہ مع دلائل سپردِ قلم کریں۔ ۱۰

(ج) فاتحہ خلف الامام کے مسئلہ پر ائمہ اربعہ کے صرف مذاہب بیان کریں۔ ۸

سوال نمبر4:۔ (الف) ہدایہ کی روشنی میں درج ذیل سے چار احکامات کی وضاحت کریں۔ ۴×۵=۲۰

(۱) وتر کا مستحب وقت کون سا ہے؟

(۲) حائضہ سے کون کونسی چیزیں ساقط اور کون سی ممنوع ہیں؟

(۳) وہ اوقات جن میں نفل نماز ممنوع ہے کوئی سے پانچ اوقات لکھیں۔

(۴) "وليس في العوامل والحوامل والعلوفة صدقة" مسئلہ کی وضاحت کریں۔

(۵) "وماسقي بغرب أو دالية أو سانية ففيه نصف العشر" عبارت کی وضاحت کریں۔

(ب) ہدایہ کی روشنی میں تیمم کی شرائط سپردِ قلم کریں نیز یہ بتائیں کہ موزوں اور تیمم کے مسح میں کیا فرق ہے؟ ۱۰+۳=۱۳

وقت: تین گھنٹے

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

کل نمبر: ۱۰۰

امتحان سالانہ: م۔۱۲/۴

الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم

طلبہ

2024ء/۱۴۴۵ھ

چوتھا پرچہ: اصول فقہ

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ وحكمه ان يتناول المخصوص قطعا اى اثره المترتب عليه ان يتناول المخصوص الذى هو مدلوله قطعا بحيث يقطع احتمال الغير. فاذا قلنا زيد عالم فزيد خاص لا يحتمل غيره احتمالا ناشيا عن دليل وعالم ايضا خاص لم يحتمل غيره كذلك فكل واحد من الكلمتين يتناول مدلوله قطعا فثبتت من مجموع الكلام قطعية الحكم بعالم على زيد بهذه الواسطة

(الف) عبارت کی تشکیل وترجمہ کریں۔ 20=10+10

(ب) خاص کی تعریف اوراس کی اقسام کے صرف نام اور مثالیں تحریر کریں۔ 10=6+4

(ج) نماز میں تعدیل ارکان فرض ہے یا واجب؟ احناف وشوافع دونوں کا مؤقف قلمبند کریں۔ 4

سوال نمبر2:۔ وموجبه الوجوب لا الندب والإباحة والتوقف يعني أن موجب الوجوب فقط عند العامة لا الندب كما ذهب إليه بعض الخ.

(الف) متن کی تشریح شارح کی عبارت کی روشنی میں اس انداز سے کریں کہ مطلب واضح ہوجائے۔ 15=5+10

(ب) "امر" کی تعریف اور "موجبه الوجوب" پر کوئی دلیل لکھیں۔ 10=5+5

(ج) وجوب کے علاوہ امر کے کوئی سے چار معانی سپر دِ قلم کریں۔ 8

سوال نمبر3:۔ (الف) والنكرة إذا أعيدت معرفة كانت الثانية عين الأولى وإذا أعيدت نكرة كانت الثانية غير الأولى.

عبارت میں بیان کردہ قاعدہ کی وضاحت کریں اور بتائیں کہ یہاں معرفہ کی کون سی اقسام مراد ہیں؟ 14=4+10

(ب) والنهي عن الأفعال الحسية يقع على القسم الأول وعن الأمور الشرعية يقع على الذى اتصل به وصفا.

ترجمہ ومختصر تشریح کریں۔ 12=6+6

(ج) افعال حسیہ کی مثال کے ذریعے وضاحت کریں۔ 7

سوال نمبر4:۔ (الف) "اصول شرع" کی تعداد، نام اور وجہ حصر قلمبند کریں۔ 9=5+4

(ب) "نور الأنوار" کس کتاب کی شرح ہے؟ متن، ماتن اور شارح کا نام احاطہ تحریر میں لائیں۔ 9=3x3

(ج) درج ذیل اصطلاحات میں سے تین کی تعریفات لکھیں۔ 15=5X3

خبر متواتر　　إجماع　　سنة　　قرآن　　نهى

وقت: تین گھنٹے

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

کل نمبر: ۱۰۰

امتحان سالانہ: م۔۱۲/۵

الشهادة الثانوية الخاصة (ایف اے) سال دوم

طلبه

2024ء/۱۴۴۵ھ

پانچواں پرچہ: نحو

نوٹ: کوئی سے تین سوالات حل کریں۔

سوال نمبر1:۔ وهو اى الاسم قسمان معرب ومبنى لانه لا يخلوا اما ان يكون مركبا مع غيره اولا والاول اما ان يشبه مبنى الاصل اولا وهذا اعنى المركب الذى لم يشبه مبنى الاصل هو المعرب وما عداه اعنى غير المركب والمركب الذى يشبه مبنى الاصل مبنى.

(الف) عبارت کی تشکیل اور ترجمہ کریں۔ 12=6+6

(ب) اعراب کی تعریف کرتے ہوئے واضح کریں کہ معانی معتورہ سے کیا مراد ہے؟ 10=5+5

(ج) رفع کو فاعلیت اور نصب کو مفعولیت اور جر کو اضافت کی علامت کیوں قرار دیا گیا شرح جامی کی روشنی میں وضاحت کریں۔ 12=4x3

سوال نمبر2:۔ وهى أى العلل التسع مجموع ما فى هذين البيتين من الأمور التسعة.

(الف) اسباب منع صرف شعر کی صورت میں لکھتے ہوئے یہ وضاحت کریں کہ "وهذا القول تقريب" کی عبارت سے مصنف کی کیا مراد ہے؟ 12=6+6

(ب) غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین کیوں نہیں آتے؟ شرح جامی کی روشنی میں تحریر کریں۔ 9

(ج) وصف، عجمہ، تانیث معنوی کے غیر منصرف کا سبب بننے کی شرائط سپرد قلم کریں۔ 12=4x3

سوال نمبر3:۔ هو اى المرفوع الدال عليه المرفوعات لان التعريف انما يكون للماهية لا للافراد ما اشتمل اى اسم اشتمل على علم الفاعلية اى علامة كون الاسم فاعلا وهى الضمة والواو والالف.

(الف) عبارت کی تشکیل و ترجمہ کرتے ہوئے اغراض شارح واضح کریں۔ 15=5x3

(ب) فاعل کی تعریف لکھیں نیز فاعل اصل ہے یا مبتداء؟ 8=4+4

(ج) فاعل کو مفعول پر مقدم کرنے کی وجوبی صورتیں سپرد قلم کریں۔ 10

سوال نمبر4:۔ وقد يكون المفعول المطلق للتاكيد ان لم يكن فى مفهومه زيادة على ما يفهم من الفعل والنوع ان دل على بعض انواعه والعدد ان دل على عدده مثل جلست جلوسا للتاكيد وجلسة بكسر الجيم للنوع وجلسة بفتحها للعدد.

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں اور اغراض شارح واضح کریں۔ 15=5x3

(ب) منادٰی کی تعریف لکھیں۔ 8

(ج) منادٰی کے اعراب کی کتنی قسمیں ہیں؟ مثالوں کے ساتھ تحریر کریں۔ 10

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

وقت: تین گھنٹے | کل نمبر: ۱۰۰

امتحان سالانہ: م-۱۲/۶ | الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال دوم | طلبہ | 2024ء/۱۴۴۵ھ

چھٹا پرچہ: بلاغت ومنطق

نوٹ: ہر حصہ سے دو دو سوال حل کریں۔

حصہ اول۔۔۔بلاغت

سوال نمبر 1:- وفی الکلام خلوصہ من ضعف التالیف وتنافر الکلمات والتعقید مع فصاحتہا فالضعف نحو ضرب غلامہ زیدا والتنافر کقولہ ولیس قرب قبر حرب قبر وقولہ کریم متی امدحہ امدحہ والوری معی والتعقید ان لا یکون ظاہر الدلالۃ علی المراد للخلل۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ وتوضیح کریں۔ 20=10+10

(ب) تعقید لفظی کی مثال تحریر کریں۔ 5

سوال نمبر 2:- (الف) علم معانی کی تعریف کریں اور بتائیں کہ علم معانی کتنے اور کون کون سے ابواب میں منحصر ہے؟ ابواب کے صرف نام تحریر کریں۔ 20=5+5+10

(ب) فائدۃ الخبر اور لازم فائدۃ الخبر میں فرق مثال سے واضح کریں۔ 5

سوال نمبر 3:- درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ لکھیں۔ 25=5x5

اسناد خبری　مقتضیٰ حال　حقیقۃ عقلیہ　مجاز عقلی　کراھۃ فی السمع　غرابۃ　اعتبار　قلب

حصہ دوم۔۔۔منطق

سوال نمبر 4:- سواء الطریق ای وسطہ الذی یفضی سالکہ الی المطلوب البتۃ وھذا کنایۃ عن الطریق المستوی اذھما متلازمان وھذا مراد من فسرہ بالطریق المستوی والصراط المستقیم ثم المراد بہ اما نفس الامر عموما او خصوص ملۃ الاسلام۔

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔ 20=10+10

(ب) ماتن نے علم کی تعریف کیوں نہیں کی؟ شرح تہذیب کی روشنی میں جواب دیں۔ 5

سوال نمبر 5:- وھو ملاحظۃ المعقول لتحصیل المجھول

(الف) ھو کا مرجع بتائیں اور واضح کریں کہ یہ عبارت کس کی تعریف ہے؟ 10

(ب) منطق کی تعریف کریں اور منطق کی ضرورت شرح تہذیب کی روشنی میں لکھیں۔ 10

(ج) قانون کی تعریف مع مثال سپرد قلم کریں۔ 5

سوال نمبر 6:- درج ذیل میں سے پانچ اصطلاحات کی تعریفات وامثلہ تحریر کریں۔ 25=5x5

جنس　جنس الاجناس　عموم وخصوص مطلق　دلالت مطابقی　متواطی　حجت